# یونان میں کام کے متعلق بنیادی معلومات



© UNHCR/ Victor Augusto Sánchez Mejía

UNHCR
The UN Refugee Agency

In partnership with:

## کون

اگر آپ ایک تسلیم شدہ پناہ گزین ہیں، ذیلی تحفظ سے فائدہ اٹھانے والے یا عارضی تحفظ سے مستفید ہونے والے ہیں، تو آپ کو قانونی کام تک رسائی حاصل ہے اور آپ آزاد معاشی سرگرمی (خود روزگار، کاروبار کا قیام) استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ پناہ کے متلاشی ہیں، تو آپ کو پناہ کی درخواست کے اندراج کی تاریخ سے چھ (٦) ماہ بعد قانونی طور پر کام تک رسائی حاصل ہے۔

---

## کام کرنے کے لیے کس چیز کی ضرورت ہو گی

**یونان میں کام کرنے کے لیے آپ کو چاہیے:**

- رہائش کا اجازت نامہ – تسلیم شدہ پناہ گزینوں کے لیے ، ذیلی تحفظ سے فائدہ اٹھانے والوں کے لیے اور عارضی تحفظ سے فائدہ اٹھانے والوں کے لیے ، یا پناہ کے متلاشیوں کے پناہ کا کارآمد کارڈ۔
- **نوٹ کریں** قانونی طور پرکام کرنے کے لیے آپکے رہائشی اجازت نامہ/پناہ کے متلاشی کارڈ کا کارآمد ہونا ضروری ہے لہذا اس کی مدت ختم ہونے سے پہلے اسکی تجدید ضرور کریں۔
- مالیاتی گوشوارہ نمبر (آفیمی)
- سماجی بیمہ کا نمبر (صحت نمبر آمکا)- تسلیم شدہ پناہ گزینوں کے لیےضمنی تحفظ سے فائدہ اٹھانے والوں اور عارضی تحفظ سے مستفید ہونے والوں کے لیے ، یا غیر ملکیوں کے لیے عارضی صحت نمبر (آما) جو کہ قومی ادارہ سماجی تحفظ (ایفکا) سے جاری ہوتا ہے بعد ازاں اپکو کام مل جائے۔

---

## ملازمین کے حقوق

یونانی قانون کے تحت، آپ کو یونانی شہریوں کی طرح ملازمت اور بیمہ کے حقوق حاصل ہیں، بشمول بنیادی تنخواہ، خاندانی مراعات، کام کے اوقات، اضافی کار، چھٹیاں، پیشہ ورانہ حادثات، زچگی، بیماری، بے روزگاری الاؤنس اور پینشن ۔

---

## کام کی شرائط

اگر آپ کو ملازمت پر رکھا گیا ہے تو، آجر آپ کو ملازمت کے معاہدے کی شرائط کے بارے میں تحریری طور پر مطلع کرنے کا پابند ہے۔ یہ معاہدہ 'بھرتی معاہدہ ' کی شکل میں حکام کو مطلع کیا جاتا ہے۔ ہمیشہ ایک نقل طلب کریں۔ ملازمت کے معاہدہ پر دستخط کرنے سے، ملازم اور آجر دونوں متفقہ شرائط کے پابند ہیں۔ اس دستاویز میں آپ کے کام کی قسم، ہفتہ وار کام کا وقت، ملازمت کی مدت، کام کے اوقات، تنخواہ اور کام کی جگہ کے بارے میں معلومات شامل ہیں۔

---

## تنخواہ (اپریل 2023 سے)

اگر آپ شادی شدہ نہیں ہیں اور آپ کے پاس یونان میں کوئی متعلقہ کام کا تجربہ نہیں ہے تو کل وقتی ملازمت کے لیے یونان میں کم از کم ماہانہ تنخواہ 780 یورو (مجموعی) ہے ۔

اگر آپ شادی شدہ نہیں ہیں اور آپ کو یونان میں کوئی متعلقہ کام کا تجربہ نہیں ہے تو اگر آپ روزانہ کی بنیاد پر کام کرتے ہیں، تو کم از کم 34.84 یورو (مجموعی) ہے ۔

خالص تنخواہ (جو تنخواہ آپ وصول کرتے ہیں) مالیات/ٹیکس بیمہ وغیرہ کی کٹوتیوں پر منحصر ہے۔ آپ عید میلادمسیح (کرسمس)، عید فصح (پاسخا) اور موسم گرماکی مراعات کے بھی حقدار ہیں ، جس کی رقم آپ کی ماہانہ/روزانہ تنخواہ اور آپ کی ملازمت کی مدت ، ایک ہی آجرکے ساتھ کام پر منحصر ہے۔

## اضافی وقت

کام کے اوقات عام طور پر پیر تا جمعہ 5 دن کے کام (8 گھنٹے فی دن) کے لیے فی ہفتہ 40 گھنٹے ہیں - بہت سی کمپنیاں 7/24 کام کرتی ہیں، جس کا مطلب ہے کہ عام طور پر 2 سے 3 8 گھنٹے کی شفٹیں ہوتی ہیں - ان لوگوں کے لیے جو ہفتے میں 6 دن کام کرتے ہیں، کام کے اوقات 6 گھنٹے اور 40 منٹ فی دن ہیں۔ **اضافی کام** فی دن 1 گھنٹہ اور 5 گھنٹے فی ہفتہ، 5 دن کے کام کے ہفتے کے لیے، اور 1 گھنٹہ 20 منٹ فی دن اور 8 گھنٹے فی ہفتہ، 6 دن کے کام کے ہفتے کے لیے۔ اضافی کام یومیہ اجرت کے علاوہ 20% کے حساب سے ادا کیا جاتا ہے۔ دن میں 9 گھنٹے سے زیادہ کام کرنے کے لیے خصوصی معاوضے کے انتظامات ہیں۔

رات کا کام : از 22:00-6:00 رات کے وقت ہر گھنٹے کے ، 25 فیصد زائد۔

ہفتہ کو یا ہفتے کے چھٹے دن کام : مقررہ یومیہ اجرت ، جمع 30 فی صد ۔

---

## چھٹی/ رخصت

**سالانہ چھٹی:** کل وقتی ملازمت کے پہلے سال کے لیے، آپ ہر ماہ دو دن کی چھٹی کے حقدار ہیں (ہفتہ وار 5 دن کام کرنے والوں کے لیے (سالانہ) 20 دن کی چھٹی اور ہفتہ وار 6 دن کام کرنے والوں کے لیے (سالانہ) 24 دن کی چھٹی/ 6 دن کام کرنے والوں کے لیے کام کے پہلے سال 21 اور 25 دن چھٹی / بالترتیب دوسرے اور تیسرے سال 21 اور 25 دن اور تیسرے سال اوربعد میں 22 اور 26 دن)۔

**بیماری کی رخصت:** جب آپ بیماری کی وجہ سے کام سے غیر حاضر ہوتے ہیں اور آپ تمام متعلقہ طبی دستاویزات جمع کراتے ہیں، تو آپ 10 دن کی ملازمت کے بعد 15 دن تک کی یومیہ اجرت کے حقدار ہیں۔ ملازمت کے ایک سال کے بعد، آپ ماہانہ تنخواہ کے حقدار ہیں۔

---

## بعض اوقات مخصوص قسم کی ملازمت کے لیے

خصوصی اجازت نامہ یا اضافی دستاویزات درکار ہوتی ہیں۔ مثال کے طور پر اگر آپ کسی ایسی دکان میں کام کرنا چاہتے ہیں جو صحت کے معیارات کو یقینی بنائے، جیسے کہ ریستوراں، کیفے وغیرہ، تو آپ کو محکمہ پولیس کی طرف سے جاری کردہ صحت نامہ/ سرٹیفکیٹ اور ایک خصوصی کام کا اجازت نامہ جاری کروانا ہوگا۔ سیاحت کے شعبے میں، ملازمت کی شرائط بشمول اجازت نامے، مختلف ہو سکتے ہیں۔

---

## ذمہ داریاں اور مشورے

- اگر آپ بیمار ہیں یا کوئی ہنگامی صورتحال ہے تو آپ کو چاہیے کہ اپنے آجر کو جلد از جلد مطلع کرنا کریں۔
  - ⇐ احتیاط :اگر آپ بغیر کسی معقول وجہ کے کام سے غیر حاضرہوتے ہیں اور اپنے آجر کو مطلع نہیں کرتے ہیں، تو وہ اس بات پر غور کر سکتا ہے کہ آپ اپنی ملازمت سے استعفیٰ دے رہے ہیں اور آگے بڑھتے ہوے ضروری کارروائی کر سکتا ہے۔
  - ⇐ اگر آپ اپنی ملازمت سے استعفیٰ دینا چاہتے ہیں تو اپنے آجر کو مطلع کریں تاکہ مناسب طریقہ کار پر عمل کیا جاسکے۔
- اپنے کام پر روزانہ کی بنیاد پر جائیں ۔
- ہر روز پر بر وقت اپنے کام پر موجود ہوں
- اگر آپ کو جلد روانہ ہونے کی ضرورت ہے، تو مطلع کریں اور اپنے کام کے سرپرست/ نگران سے اجازت لیں۔

## اختتام کار / ملازمت کا خاتمہ

ملازمت کے خاتمے کے بارے میں آپ کے پاس جو حقوق ہیں ان کا انحصار آپ کے معاہدے کی قسم پر ہے۔ اگر آپ کے پاس ایک مقررہ مدت کا معاہدہ ہے (محدود مدت کا معاہدہ)، تو عام طور پر آپ کے آجر کے لیے معاہدہ ختم ہونے سے پہلے آپ کو برطرف کرنا مشکل ہوتا ہے۔ اگر آپ کے پاس کھلا معاہدہ ہے، تو آپ کا آجر آپ کو کسی بھی وقت برطرف کر سکتا ہے۔ تاہم،اگر آپ نے ایک ہی آجر کے لیے مستقل معاہدے پر ایک سال سے زیادہ کام کیا ہے، تو آپ معاوضے کے حقدار ہیں۔ صحیح رقم اس بات پر منحصر ہے کہ آپ نے اس آجر کے لیے کتنے سال کام کیا ہے۔

## غیر قانونی کام

اگر آپ کا آجر قانونی اور رسمی طریقہ کار کی تعمیل نہیں کرتا ہے (مجاز حکام کو آپ کی ملازمت کا اطلاع نہ کرتے ہوے) :

- آپ صحت کے بیمہ اور سماجی بیمہ کا حق نہیں رکھتے۔
- آپ کو اس سے کم ادائیگی یا ادائیگی نہ کرنے کا خطرہ ہے جس پر ابتدا میں اتفاق کیا گیا تھا۔
- آپ بے روزگاری کے الاؤنس یا دیگر مالی امداد کے لیے درخواست نہیں دے سکتے جس کے آپ حقدار تھے۔

## حقوق کی خلاف ورزی

اگر آپ کے کام کے حقوق کے بارے میں سوالات ہیں یا آپ اپنے آجر کے خلاف اپنی مزدوری کے حقوق کی خلاف ورزی کی شکایت درج کروانا چاہتے ہیں، تو آپ کو یونان میں قریب تریندفتر برائےتفتیش کام/کار (https://www.hli.gov.gr/ یا 1555 پر کال کریں۔

# اپنے لیے نیا
# کام تلاش کریں

یہ مفت پلیٹ فارم یونان میں کام کی تلاش میں کرے والے پناہ گزینوں کو ملک بھر کے اجروں سے جوڑتا ہے۔

SCAN

SCAN

**وقتی / موجود نوکریوں کے لیے اندراج کریں۔**

https://adamajobcenter.crs.org




© UNHCR/Ruben Salgado Escudero